

# جامعہ نظامیہ

حیدرآباد ۔ الہند

# JAMIA NIZAMIA


Shibli Gunj, Hyderabad-500064 (Telangana) India. Ph: 24576772, 24416847
www.jamianizamia.org, E-mail: fatwajamianizamia@yahoo.com


## JANUARY 2026 — 1 — جنوری ۲۰۲۶ء م رجب المرجب/شعبان المعظم ۱۴۴۷ھ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| SUN یکشنبہ | ۲۷/رجب المرجب شب معراج | 4 ۱۴ | 11 ۲۱ | 18 ۲۸ | 25 ۵ |
| MON دوشنبہ | 26/جنوری یوم جمہوریہ ہند | 5 ۱۵ | 12 ۲۲ | 19 ۲۹ | 26 ۶ یوم جمہوریہ ہند |
| TUE سہ شنبہ | ۲/شعبان المعظم وصال حضرت سیدنا امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ | 6 ۱۶ | 13 ۲۳ | 20 ۳۰ | 27 ۷ |
| WED چہارشنبہ | | 7 ۱۷ | 14 ۲۴ | 21 یکم شعبان المعظم | 28 ۸ |
| THU پنجشنبہ | 1 ۱۱ رجب المرجب | 8 ۱۸ | 15 ۲۵ | 22 ۲ وصال حضرت سیدنا امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ | 29 ۹ |
| FRI جمعہ | 2 ۱۲ | 9 ۱۹ | 16 ۲۶ شب معراج | 23 ۳ | 30 ۱۰ |
| SAT شنبہ | 3 ۱۳ فاتحہ حضرت ابوالوفاء الافغانی رحمۃ اللہ علیہ | 10 ۲۰ | 17 ۲۷ | 24 ۴ | 31 ۱۱ |

## واقعۂ معراج اپنی نوعیت کا اہم ترین واقعہ

واقعۂ معراج کی عظمت و رفعت کچھ ایسی ہے کہ عام عقلیں اس کے ادراک سے قاصر ہیں، قصورِ علم کی وجہ سے بعض نے نفسِ شئ کا انکار کیا ہے اور بعض نے انکار کے بجائے بعید از حقیقت قیاسات و تاویلات کا سہارا لیا ہے؛ لیکن مسلمانوں کی نگاہ میں ایسی تاویلات کی کوئی وقعت نہیں! کیوں کہ مومن حقیقت آشنا ہوتا ہے۔ حقیقت شناسی کے بعد اس کو کوئی چیز روک نہیں سکتی۔ ایمان کا تقاضہ یہی ہے کہ بلاچوں و چرا بغیر کسی تاویل کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بات کو قبول کیا جائے اور تصدیق کی جائے۔ شیخ الاسلام حضرت امام محمد انوار اللہ فاروقی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تصنیف ''افادۃ الأفہام'' میں معراج کے بیان میں اس عنوان کے ساتھ تحریر فرماتے ہیں کہ ''معمولی عقلوں کا معراج کو تسلیم کرنا شاق ہے''۔ اس عنوان کے بعد جو کچھ تفصیل آپ نے قلمبند فرمائی ہے وہ اس طرح ہے: اِس میں شک نہیں کہ کئی امور اس مسئلہ میں ایسے ہیں کہ معمولی عقل پر ان کا تسلیم کرنا شاق (دشوار) ہوتا ہے۔ مثلاً آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سینۂ مبارک شبِ معراج کو شق کیا جانا اور حکمت و ایمان سے اس کو بھرنا، سواری براق، بیت المقدس اور وہاں سے آسمانوں پر جانا اور یہ سب معاملات ایک ہی شب میں طے ہو جانا وغیرہ ایسے ہیں کہ ان کی نظیر نہیں مل سکتی اور خلافِ عادت ہونے کی وجہ سے عقل کے خلاف ہیں۔...... یہاں بطور مثال ایک نور ہی کو دیکھ لیجئے کہ وہ کس قدر ظاہر بلکہ مُظہِر (ظاہر کرنے والا) ہے اور ہمیشہ دیکھنے کی وجہ سے ہر شخص اس کو بدیہی سمجھتا ہے۔...... اگر ایسے شخص سے جس نے ''نور'' کبھی نہ دیکھا ہو یعنی مادر زاد نابینا سے اس کا حال بیان کیا جائے تو یہی کہے گا کہ ایسی چیز کا وجود محال ہے۔ اہل حکمتِ جدیدہ نے نور کو ''جوہر'' بلکہ جسم مان لیا ہے اور کمال تحقیق سے تصریح کرتے ہیں کہ وہ ایک منٹ میں ایک کروڑ 20 لاکھ میل کی مسافت طے کرتا ہے۔ جیسا کہ ریوی رنٹ چارلیس صاحب نے اپنی کتاب میں لکھا ہے اور ''پیسہ'' اخبار مؤرخہ 9 جمادی الثانی 1320ھ میں تحقیق جدید کو بیان کیا ہے کہ بجلی ایک منٹ میں 500 مرتبہ زمین کے گرد گھوم سکتی ہے اور ''ستہ شمسیہ'' میں- جو چارلیس صاحب مذکور کی کتاب کا ترجمہ ہے- لکھا ہے کہ بعض دُمدار ستارے اتنے بڑے ہیں کہ فقط ان کی دم تیس کروڑ، تیس لاکھ میل کی ہے اور ان کی رفتار ایک ساعت میں آٹھ لاکھ اسی ہزار میل تک ثابت ہوتی ہے اور لکھا کہ آدمی جس عرصہ میں ایک لفظ کا تلفظ کرے مثلاً: ''آبابا'' کہے وہ پانچ ہزار ایک سو چھیانوے میل طے کرتا ہے۔ اب دیکھئے کہ کیسے بڑے بڑے اجسام کی حرکت ایک ساعت میں لاکھوں بلکہ کروڑوں میل تسلیم کرلی جاتی ہے۔ اس وجہ سے کہ وہ حکماء کا قول ہے اور معراج کی خبر خود خدائے تعالی دیتا ہے۔ اس میں اقسام کے احتمالات پیدا کرکے تاویلیں کی جاتی ہیں کہ جسم کثیف اس مدت قلیل میں اتنی مسافت کیونکر طئے کرسکتا ہے!۔

(مفکر اسلام حضرت مولانا مفتی خلیل احمد صاحب دامت برکاتہم، امیر جامعہ، جامعہ نظامیہ)

## حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ' محدثین کے پیشوا

''تہذیب الکمال'' میں امیر المؤمنین فی الحدیث حضرت عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ کا قول نقل کیا ہے کہ اگر حق تعالیٰ ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور سفیان رحمۃ اللہ علیہ سے میری مدد نہ فرماتا تو میں ایک معمولی آدمی رہ جاتا۔ میں نے بہت سے شہروں کی سیاحت کی ہے؛ مگر جب تک ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے ملاقات نہ ہوئی، حلال وحرام کے اصول مجھے معلوم نہ ہوئے۔

(حضرت شیخ الاسلام امام محمد انوار اللہ فاروقی رحمۃ اللہ علیہ ۔ حقیقۃ الفقہ، ج:1، ص:136)

## اوقات نماز

از: کتاب معیار الاوقات — للصیام والصلوات

| ابتدائے عشاء | ابتدائے مغرب/افطار | ابتدائے عصر حنفی | ابتدائے عصر شافعی | ابتدائے ظہر | فجر انتہاء | فجر ابتداء | انتہائے سحر | تاریخ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 7:11 | 5:58 | 4:16 | 3.29 | 12:29 | 6:40 | 5:41 | 5:19 | 1 |
| 7:13 | 6:00 | 4:18 | 3.31 | 12:31 | 6:42 | 5:43 | 5:21 | 4 |
| 7:15 | 6:02 | 4:20 | 3.33 | 12:32 | 6:42 | 5:43 | 5:21 | 7 |
| 7:16 | 6:04 | 4:22 | 3.34 | 12:33 | 6:42 | 5:45 | 5:23 | 10 |
| 7:17 | 6:05 | 4:24 | 3.35 | 12:34 | 6:43 | 5:45 | 5:23 | 13 |
| 7:19 | 6:08 | 4:26 | 3.37 | 12:36 | 6:44 | 5:46 | 5:24 | 16 |
| 7:20 | 6:10 | 4:28 | 3.38 | 12:37 | 6:44 | 5:47 | 5:25 | 19 |
| 7:22 | 6:11 | 4:29 | 3.40 | 12:37 | 6:43 | 5:46 | 5:24 | 22 |
| 7:23 | 6:13 | 4:30 | 3.41 | 12:38 | 6:43 | 5:46 | 5:24 | 25 |
| 7:24 | 6:15 | 4:33 | 3.43 | 12:39 | 6:43 | 5:46 | 5:24 | 28 |

SAM # 7842125430


ABULWAFA AL-AFGHANI PRINTING PRESS JAMIA NIZAMIA Ph: 24416847, 24576772


Rs.25/- قیمت پچیس روپے

■ چاند کی تاریخ : تعطیلات جامعہ نظامیہ



# جامعہ نظامیہ

حیدرآباد۔ الہند

# JAMIA NIZAMIA

Shibli Gunj, Hyderabad-500064 (Telangana) India. Ph: 24576772, 24416847
www.jamianizamia.org, E-mail: fatwajamianizamia@yahoo.com

## FEBRUARY 2026 (2) فبروری ۲۰۲۶ء م شعبان المعظم/رمضان المبارک ۱۴۴۷ھ

| Day | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| SUN یکشنبہ | 1 ۱۲ شعبان المعظم | 8 ۱۹ | 15 ۲۶ | 22 ۴ | ۱۵ر شعبان المعظم شب براءت |
| MON دوشنبہ | 2 ۱۳ | 9 ۲۰ | 16 ۲۷ | 23 ۵ | ۳ر رمضان المبارک فاتحہ حضرت سیدہ فاطمہ خاتون جنت رضی اللہ عنہا |
| TUE سہ شنبہ | 3 ۱۴ شب براءت | 10 ۲۱ | 17 ۲۸ | 24 ۶ | |
| WED چہارشنبہ | 4 ۱۵ | 11 ۲۲ | 18 ۲۹ | 25 ۷ | |
| THU پنجشنبہ | 5 ۱۶ | 12 ۲۳ | 19 یکم رمضان المبارک | 26 ۸ | |
| FRI جمعہ | 6 ۱۷ | 13 ۲۴ | 20 ۲ | 27 ۹ | |
| SAT شنبہ | 7 ۱۸ | 14 ۲۵ | 21 ۳ فاتحہ حضرت خاتون جنت رضی اللہ عنہا | 28 ۱۰ فاتحہ ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا | |

## شب براءت، رحمت ومغفرت کی رات

ام المؤمنین سیدتنا عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں نے ایک رات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو نہ پایا، میں باہر نکلی اور دیکھا کہ آپ بقیع میں تشریف فرما ہیں، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تمہیں اندیشہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم تم پر زیادتی کریں گے؟ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے خیال کیا کہ آپ کسی اور زوجۂ مطہرہ کے پاس تشریف لے گئے ہوں گے تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ شب براءت کو آسمان دنیا پر نزول اجلال فرماتا ہے اور قبیلۂ بنوکلب کی بکریوں کے بالوں کی تعداد سے زیادہ لوگوں کی مغفرت فرماتا ہے۔(جامع ترمذی، حدیث نمبر:744) **معمولاتِ شب براءت:** شعبان کی پندرھویں شب ''شبِ براءت'' کہلاتی ہے، اس رات عبادت (نماز، ذکر، استغفار ودعاء) کرنے اور دن (پندرہ شعبان) کو روزہ رکھنے کا حکم دیا گیا ہے۔(سنن ابن ماجہ، حدیث نمبر: 1388) نیز اس رات زیارت قبور بھی حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عمل مبارک سے ثابت ہے۔(جامع ترمذی، حدیث نمبر: 739) بعض روایات میں اس رات (شب براءت) سورۂ یٰسٓ پڑھنے کا ذکر بھی آیا ہے۔(جوامع الکلم)۔ نیز اپنے گناہوں پر نادم ہوکر صدق دل سے توبہ کی جائے، صلاۃ التسبیح کی بڑی فضیلت ہے، اس کی ادائی کا اہتمام کیا جائے، علاوہ ازیں احادیث شریفہ میں اس رات ادا کی جانے والی مخصوص نوافل کا ذکر ہے، ان کی ادائی کو غنیمت جانیں۔

## ماہ رمضان کی ناقدری، محرومی کا سبب

ماہ رمضان المبارک اللہ تعالی کی جانب سے عظیم تحفہ ہے، اس کا پہلا عشرہ رحمت، دوسرا: مغفرت اور تیسرا: دوزخ سے آزادی کا ہے۔ ایک مرتبہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم منبر کی ایک سیڑھی پر قدم مبارک رکھے تو آمین فرمایا، جب دوسری سیڑھی پر قدم مبارک رکھے تو آمین فرمایا اور جب تیسری سیڑھی پر قدم مبارک رکھے تو آمین فرمایا، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم منبر شریف سے نیچے تشریف لائے تو ہم نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہم نے آج منبر پر آپ کو تشریف لے جاتے وقت آپ سے ایسے کلمات سنے کہ اس سے پہلے اس طرح نہ سنے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جبریل امین میرے پاس حاضر ہوئے اور کہا: **جو شخص رمضان کو پائے اور اس کی مغفرت نہ ہو وہ رحمت الٰہی سے دور ہو**، میں نے کہا: آمین۔ جب میں دوسری سیڑھی پر قدم رکھا تو جبریل نے کہا: جس شخص کے سامنے آپ کا نام مبارک ذکر کیا جائے اور وہ آپ پر درود نہ پڑھے وہ رحمت الٰہی سے دور ہو، میں نے کہا: آمین۔ جب میں تیسری سیڑھی پر قدم رکھا تو جبریل نے کہا: جس شخص کے والدین یا ان میں سے ایک بڑھاپے کو پہنچ جائے اور وہ ان کی خدمت کر کے جنت کا حقدار نہ بن سکے وہ رحمت الٰہی سے دور ہو، میں نے کہا: آمین۔

(مستدرک علی الصحیحین، کتاب البر والصلۃ، حدیث نمبر:7365)

## کفالت طلبہ شعبۂ حفظ وعالم

علوم اسلامیہ کی اشاعت میں حصہ لینے کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ آپ اپنے مرحومین کے ایصال ثواب کے لیے شعبہ حفظ کے ایک طالب علم یا شعبہ عالمیت کے ایک طالب علم کی کفالت قبول فرمائیں۔ یہ ایک ثواب جاریہ بھی ہوگا۔ تفصیلات فون **24416847** پر حاصل کی جاسکتی ہیں۔۔

## اوقات نماز

از: کتاب معیار الاوقات للصیام والصلوات

| ابتدائے عشاء | ابتدائے مغرب/افطار | ابتدائے عصر حنفی | ابتدائے عصر شافعی | ابتدائے ظہر | فجر انتہاء | فجر ابتداء | انتہائے سحر | تاریخ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 7:26 | 6:17 | 4:35 | 3.45 | 12:40 | 6:43 | 5:46 | 5:24 | 1 |
| 7:27 | 6:18 | 4:36 | 3.46 | 12:40 | 6:42 | 5:46 | 5:24 | 4 |
| 7:28 | 6:19 | 4:38 | 3.47 | 12:40 | 6:41 | 5:45 | 5:23 | 7 |
| 7:29 | 6:21 | 4:39 | 3.48 | 12:40 | 6:39 | 5:44 | 5:22 | 10 |
| 7:30 | 6:22 | 4:40 | 3.48 | 12:40 | 6:38 | 5:43 | 5:21 | 13 |
| 7:31 | 6:23 | 4:41 | 3.49 | 12:40 | 6:37 | 5:42 | 5:20 | 16 |
| 7:32 | 6:25 | 4:42 | 3.49 | 12:40 | 6:35 | 5:41 | 5:19 | 19 |
| 7:34 | 6:26 | 4:42 | 3.49 | 12:40 | 6:34 | 5:40 | 5:18 | 22 |
| 7:35 | 6:27 | 4:43 | 3.49 | 12:39 | 6:31 | 5:37 | 5:15 | 25 |
| 7:36 | 6:28 | 4:44 | 3.49 | 12:39 | 6:30 | 5:36 | 5:14 | 28 |

SAM # 7842125430

ABULWAFA AL-AFGHANI PRINTING PRESS JAMIA NIZAMIA Ph: 24416847, 24576772

Rs.25/- قیمت پچیس روپئے

■ چاند کی تاریخ : تعطیلات جامعہ نظامیہ



# جامعہ نظامیہ

حیدرآباد - الھند

# JAMIA NIZAMIA


Shibli Gunj, Hyderabad-500064 (Telangana) India. Ph: 24576772, 24416847
www.jamianizamia.org, E-mail: fatwajamianizamia@yahoo.com


## MARCH 2026 — 3 — مارچ ۲۰۲۶ء م رمضان المبارک/شوال المکرّم ۱۴۴۷ھ

| Day | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| SUN یکشنبہ | 1 ۱۱ رمضان المبارک | 8 ۱۸ | 15 ۲۵ | 22 ۲ | 29 ۹ آغاز تعلیمی سال جامعہ نظامیہ |
| MON دوشنبہ | 2 ۱۲ | 9 ۱۹ | 16 ۲۶ شب قدر | 23 ۳ | 30 ۱۰ |
| TUE سہ شنبہ | 3 ۱۳ | 10 ۲۰ شہادت خلیفہ چہارم حضرت سیدنا علی مرتضی رضی اللہ عنہ | 17 ۲۷ | 24 ۴ | 31 ۱۱ |
| WED چہارشنبہ | 4 ۱۴ | 11 ۲۱ | 18 ۲۸ | 25 ۵ | ۲۰ر رمضان المبارک شہادت خلیفہ چہارم حضرت سیدنا علی مرتضی رضی اللہ عنہ |
| THU پنجشنبہ | 5 ۱۵ | 12 ۲۲ | 19 ۲۹ | 26 ۶ | ۲۷ر رمضان المبارک شب قدر |
| FRI جمعہ | 6 ۱۶ | 13 ۲۳ | 20 ۳۰ | 27 ۷ | یکم شوال المکرّم عیدالفطر |
| SAT شنبہ | 7 ۱۷ فاتحہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا وشہداء بدر | 14 ۲۴ | 21 یکم شوال المکرّم عیدالفطر | 28 ۸ | |

اپنی رقومات راست جامعہ نظامیہ میں یا پھر اکاونٹ نمبرات میں آن لائن بھی جمع کرسکتے ہیں

اسٹیٹ بینک آف انڈیا، چندولال بارہ دری برانچ
A/C 10194046903
IFS Code : SBIN 0003256

اسٹیٹ بینک آف انڈیا، گن فاونڈری برانچ
A/C 62009998597
IFS Code : SBIN 0020066

## اوقات نماز

از: کتاب معیارالاوقات للصیام والصلوات

| تاریخ | انتہائے سحر | فجر ابتداء | فجر انتہاء | ابتدائے ظہر | ابتدائے عصر شافعی | ابتدائے عصر حنفی | ابتدائے مغرب افطار | ابتدائے عشاء |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 5:13 | 5:35 | 6:30 | 12:39 | 3.49 | 4:44 | 6:28 | 7:36 |
| 4 | 5:10 | 5:32 | 6:27 | 12:38 | 3.49 | 4:44 | 6:29 | 7:36 |
| 7 | 5:08 | 5:30 | 6:24 | 12:37 | 3.50 | 4:44 | 6:30 | 7:37 |
| 10 | 5:06 | 5:28 | 6:22 | 12:36 | 3.49 | 4:44 | 6:30 | 7:38 |
| 13 | 5:04 | 5:26 | 6:21 | 12:36 | 3.49 | 4:45 | 6:31 | 7:39 |
| 16 | 5:02 | 5:24 | 6:18 | 12:35 | 3.50 | 4:44 | 6:32 | 7:39 |
| 19 | 5:00 | 5:22 | 6:16 | 12:34 | 3.50 | 4:44 | 6:32 | 7:39 |
| 22 | 4:57 | 5:19 | 6:13 | 12:33 | 3.48 | 4:44 | 6:33 | 7:40 |
| 25 | 4:54 | 5:18 | 6:10 | 12:32 | 3.46 | 4:43 | 6:34 | 7:41 |
| 28 | 4:51 | 5:13 | 6:08 | 12:31 | 3.44 | 4:42 | 6:34 | 7:42 |

## فضائل ماہ رمضان، روزہ و زکوٰۃ

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے رمضان کا مہینہ تمام مہینوں کا سردار ہے رمضان المبارک صبر کا مہینہ ہے۔صبر کا بدلہ جنت ہے۔ یہ ہمدردی وغمخواری کا مہینہ ہے۔اس مبارک مہینہ کا پہلا حصہ رحمت' دوسرا حصہ مغفرت' اور آخری حصہ دوزخ سے نجات کا ہے۔اس مبارک مہینہ میں چار چیزوں کی خصوصیت کے ساتھ کثرت کی جائے ۔

(۱) کلمہ طیبہ لاالہ الااللہ محمد رسول اللہ (۲) استغفار (۳) سوال جنت (۴) دوزخ سے پناہ

**احکام روزہ :** طلوع صبح صادق سے غروب آفتاب تک عبادت کی نیت سے کھانے پینے اور جماع سے رکے رہنے کا نام روزہ ہے۔ رمضان کے روزے ہر مسلمان عاقل بالغ پر فرض ہیں۔ روزہ کی فرضیت کا منکر کافر اور بلا عذر شرعی ترک کرنے والا فاسق اور گنہگار ہے روزہ کی نیت نصف نہار شرعی سے پہلے یعنی گیارہ بجے تک کی جاسکتی ہے لیکن رات ہی سے نیت کرلینی افضل ہے۔نیت دل کے ارادہ کا نام ہے۔تاہم زبان سے کہنا مستحب ہے۔ رات سے نیت کی جائے تو یہ کہا جائے "نَوَیْتُ اَنْ اَصُوْمَ غَدًا" اورافطار سے پہلے یہ دعاء پڑھی جائے: " اَللّٰھُمَّ لَکَ صُمْتُ وَ بِکَ اٰمَنْتُ وَ عَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَ عَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ "

**صدقہ فطر :** صدقہ فطر کا نصاب وہی ہے جو زکوٰۃ کا نصاب ہے لیکن صدقہ فطر کے لئے نصاب کا بڑھنے والا ہونا اور اس پر سال گزرنا شرط نہیں۔اس لئے صدقہ فطر کے نصاب کی تکمیل کے لئے سونا' چاندی اور مال تجارت کے علاوہ ضرورت سے زائد تمام ساز وسامان شامل کیا جائیگا' ہر صاحب نصاب پر صدقہ فطر واجب ہے۔عیدالفطر کے دن صبح صادق کے طلوع ہوتے ہی صدقہ فطر ادا کرنا واجب ہے ۔ اس کو رمضان میں بھی ادا کیا جاسکتا ہے اور اگر عید کے دن تک ادا نہ کیا گیا تب بھی ساقط نہیں ہوتا جب تک صدقہ فطر ادا نہ کیا جائے واجب الاداء رہے گا۔

**مقدار :** اگر گیہوں ہو تو آدھا صاع یا اس کی قیمت دی جائے' آٹا دینا افضل ہے' قیمت دینا سب سے افضل ہے' چاول جوار وغیرہ غلوں کی قسم میں فطرہ ادا کیا جائے تو آدھا صاع گیہوں کی قیمت کے لحاظ سے ادا کیا جائے۔آدھا صاع تقریباً سوا کیلو کا ہوتا ہے۔(فتاویٰ نظامیہ) صاحب نصاب کو اپنی نابالغ اولاد کی جانب سے صدقہ فطر دینا چاہئے۔صدقہ فطر ان لوگوں کو دینا چاہئے' جنہیں زکوٰۃ دی جاسکتی ہے علوم دینیہ کے طلبہ کو بھی امداد میں صدقہ فطر دیا جاسکتا ہے۔ بلکہ دوہرا ثواب ملے گا۔

**سونے چاندی کی زکوٰۃ :** سونا چاندی کسی حالت وشکل میں ہو' مثلاً زیور' برتن وغیرہ ان میں چالیسواں حصہ 2.5 فیصد زکوٰۃ نکالنا فرض ہے۔چاندی کا نصاب 425 گرام 285 ملی گرام ہے اور سونے کا نصاب 60 گرام 755 ملی گرام ہے۔ چاندی اور سونے کی جو اس وقت بازار میں قیمت قرار پائے اس نرخ کے مطابق نقد زکوٰۃ نکالی جائے یا کوئی جنس خرید کر زکوٰۃ کی نیت سے دی جائے' زکوٰۃ اس شخص کو دی جاسکتی ہے جو غیر سید ضرورت مند ہو۔

**کاغذی سکہ ۔** اگر کسی کے پاس نقد رقم چاندی کے نصاب 425 گرام 285 ملی گرام کی قیمت کے برابر ہو تو 100 روپئے پر دو روپئے پچاس پیسے اور ایک ہزار پر 25 روپئے۔ دس ہزار پر 250 روپئے اور ایک لاکھ پر دو ہزار پانچ سو روپئے زکوٰۃ واجب ہے۔

### فکسڈ ڈپازٹ (Fixed Deposit) اور شیرز (Shares) پر زکوٰۃ ادا کرنے کا طریقہ

فکسڈ ڈپازٹ' شیرز اور بانڈز کو بھی رقم متصور کرتے ہوئے سال گزرنے کے بعد اس کی رقم معلوم کی جا کر چالیسواں حصہ زکوٰۃ کے طور پر ادا کیا جائے۔

رمضان المبارک کے مسعود موقع پر جامعہ نظامیہ کو زکوٰۃ وعطیات عنایت کیجئے



# جامعہ نظامیہ

حیدرآباد۔الہند

# JAMIA NIZAMIA

Shibli Gunj, Hyderabad-500064 (Telangana) India. Ph: 24576772, 24416847
www.jamianizamia.org, E-mail: fatwajamianizamia@yahoo.com

## APRIL 2026 — 4 — اپریل ۲۰۲۶ء شوال المکرم / ذوالقعدہ ۱۴۴۷ھ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| SUN یکشنبہ | | 5 ۱۶ | 12 ۲۳ | 19 یکم ذوالقعدہ | 26 ۸ |
| MON دوشنبہ | | 6 ۱۷ | 13 ۲۴ | 20 ۲ | 27 ۹ |
| TUE سہ شنبہ | | 7 ۱۸ | 14 ۲۵ | 21 ۳ | 28 ۱۰ |
| WED چہارشنبہ | 1 ۱۲ شوال المکرم | 8 ۱۹ | 15 ۲۶ | 22 ۴ | 29 ۱۱ |
| THU پنجشنبہ | 2 ۱۳ | 9 ۲۰ | 16 ۲۷ | 23 ۵ | 30 ۱۲ |
| FRI جمعہ | 3 ۱۴ | 10 ۲۱ | 17 ۲۸ | 24 ۶ | |
| SAT شنبہ | 4 ۱۵ | 11 ۲۲ | 18 ۲۹ | 25 ۷ | |

ملک کی قدیم وعظیم ترین اسلامی یونیورسٹی
جامعہ نظامیہ حیدرآباد
155 Years Old Islamic University
JAMIA NIZAMIA HYD.
Generously donate you Zakat / Atiyat / Sadaqat to Jamia Nizamia between 7-00 a.m. and 5-00 p.m. Workers will also come to you to collect the amount on a valid receipt. Contact on.
Ph: No. 24576772, 24416847
Jamia Nizamia, Shibli Gunj Hyderabad-64
Web: jamianizamia.org, Email: fatwajamianizamia@yahoo.com

## اوقات نماز

للصیام والصلوات — از: کتاب معیارالاوقات

| ابتدائے عشاء | ابتدائے مغرب/افطار | ابتدائے عصر حنفی | ابتدائے عصر شافعی | ابتدائے ظہر | فجر انتہاء | فجر ابتداء | آخر سحر | تاریخ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 7:43 | 6:35 | 4:41 | 3.40 | 12:30 | 6:05 | 5:10 | 4:48 | 1 |
| 7:44 | 6:35 | 4:40 | 3.37 | 12:29 | 6:03 | 5:08 | 4:46 | 4 |
| 7:44 | 6:35 | 4:39 | 3.35 | 12:28 | 6:01 | 5:05 | 4:43 | 7 |
| 7:45 | 6:36 | 4:38 | 3.33 | 12:27 | 5:58 | 5:02 | 4:40 | 10 |
| 7:47 | 6:38 | 4:37 | 3.32 | 12:27 | 5:56 | 5:00 | 4:38 | 13 |
| 7:47 | 6:38 | 4:38 | 3.30 | 12:26 | 5:54 | 4:58 | 4:36 | 16 |
| 7:48 | 6:38 | 4:38 | 3.29 | 12:25 | 5:52 | 4:55 | 4:33 | 19 |
| 7:50 | 6:40 | 4:39 | 3.28 | 12:25 | 5:50 | 4:53 | 4:31 | 22 |
| 7:50 | 6:40 | 4:39 | 3.27 | 12:24 | 5:48 | 4:51 | 4:29 | 25 |
| 7:51 | 6:40 | 4:39 | 3.25 | 12:23 | 5:46 | 4:48 | 4:26 | 28 |

## جامعہ نظامیہ حیدرآباد کا تعاون کیسے کریں؟

تعاون بصورت نقد رقم: جو حضرات جامعہ نظامیہ حیدرآباد کے منصوبوں کی تکمیل اور اشاعت علم دین میں جامعہ نظامیہ حیدرآباد کے پروگراموں میں شریک ہونے کے لیے اپنے عطیات و زکواۃ وغیرہ کی رقوم ارسال کرنا چاہیں وہ یا تو اپنے حلقوں میں پہنچے ہوئے جامعہ نظامیہ کے سفراء کو رقومات دے کر رسید حاصل کریں یا پھر براہ راست جامعہ نظامیہ کے پتہ پر منی آڈر، ڈرافٹ یا چیک کے ذریعہ اپنی رقوم ارسال کرسکتے ہیں۔ و نیز راست جامعہ نظامیہ کے اکاونٹ میں آن لائن بھی جمع کرسکتے ہیں۔ وصول یابی کے بعد رسید ارسال کردی جائے گی۔ ڈرافٹ یا چیک پر صرف یہ لکھیں :

جامعہ نظامیہ حیدرآباد "Jamia Nizamia Hyd."

بینک کا نام برائے ہند : اسٹیٹ بینک آف انڈیا چندولال بارہ دری برانچ:
A/C 10194046903
IFS Code: SBIN 0003256

اسٹیٹ بینک آف انڈیا گن فاونڈری برانچ:
A/C 62009998597
IFS Code : SBIN 0020066

تعاون بصورت اشیاء : جامعہ نظامیہ کے کتب خانہ کے لیے درسی ومطالعاتی کتب
تعمیری کاموں کے لیے اینٹیں، ریت، سمنٹ، لوہا ودیگر تعمیراتی سامان
درس گاہوں کے لیے پنکھے ودیگر بجلی کا سامان
دارالاقامہ کیلئے واٹر ہیٹرس، واٹر کولرس، طلبہ کے لیے خوردونوش کا سامان
رقومات زکواۃ وعطیات اور عیدالاضحیٰ کے موقع پر چرم قربانی
شعبہ کمپیوٹر کے لیے کمپیوٹر، اس کے پرزے اصل سافٹ ویر اور اے سی وغیرہ
غریب ونادار طلبہ کے لیے پوشاک کی فراہمی

انکم ٹیکس سے استثناء : جامعہ نظامیہ حیدرآباد کو دی جانے والی رقومات انکم ٹیکس قانون 80-G کے تحت انکم ٹیکس سے مستثنیٰ ہوتی ہے۔۔

## جامعہ نظامیہ میں جدید داخلے

**جامعہ** کا تعلیمی سال ۹/شوال سے شروع ہوتا ہے اور ۱۵/ شعبان المعظم پر ختم ہوتا ہے تعلیمی داخلے ۱۵/ ذوالقعدہ تک جاری رہتے ہیں۔

(ا) پہلے اور دوسرے مرحلے میں داخلے بعد سرسری امتحان بلحاظ استعداد و قابلیت دئے جاتے ہیں۔

(۲) جامعہ نظامیہ میں داخلے، حسب صراحت وشرائط ذیل دئے جاتے ہیں۔

(الف) مولوی میں کسی مسلمہ تعلیمی ادارے کا صداقت نامہ یا عربی انٹرنس یا پھر آزمائشی امتحان کے بعد قابلیت و استعداد کی بناء پر داخلہ دیا جاتا ہے۔

(ب) عالم میں مولوی یا اس کے مماثل امتحان کامیاب عربی، پی ڈی سی، طلباء کو داخلہ دیا جاتا ہے۔

(ج) فاضل میں عالم یا اس کے مماثل یا بی اے ایل، بی اے جس کی زبان اختیاری یا زبان دوم عربی رہی ہو یا اسلامک اسٹیڈیز مضمون اختیاری رہا ہو داخلہ دیا جاتا ہے۔

(د) شعبہ حفظ میں ایسے طلباء کو داخلہ دیا جاتا ہے جن کا ناظرہ قرآن صحیح ہو جنہیں سورہ بقرہ یا پارہ عم یاد ہو۔ حفظ کی مدت تین سال ہے۔ ایک سال دور کے لیے دیا جاتا ہے۔

(ھ) کلیۃ البنات جامعہ نظامیہ میں اردو نوشت وخواند سے واقف لڑکیوں کو داخلہ دیا جاتا ہے۔

(و) شعبہ تحقیق میں صرف کامل جامعہ نظامیہ کو داخلہ دیا جاتا ہے۔ اور ہر امیدوار کو الاونس تحقیقی بھی دیا جاتا ہے۔

SAM # 7842125430



# جامعہ نظامیہ

حیدرآباد - الھند

# JAMIA NIZAMIA


Shibli Gunj, Hyderabad-500064 (Telangana) India. Ph: 24576772, 24416847
www.jamianizamia.org, E-mail: fatwajamianizamia@yahoo.com


## MAY 2026 — 5 — مئی ۲۰۲۶ء م ذوالقعدہ / ذوالحجہ ۱۴۴۷ھ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| SUN یکشنبہ | 31 ۱۴ | 3 ۱۵ | 10 ۲۲ | 17 ۲۹ | 24 ۷ |
| MON دوشنبہ | ۱۴ر ذوالقعدہ فاتحہ آصف جاہ سابع نواب میر عثمان علی خاں رحمۃ اللہ علیہ | 4 ۱۶ | 11 ۲۳ | 18 یکم ذوالحجہ | 25 ۸ |
| TUE سہ شنبہ | ۱۰ر ذوالحجہ عیدالاضحیٰ | 5 ۱۷ | 12 ۲۴ | 19 ۲ | 26 ۹ |
| WED چہارشنبہ | | 6 ۱۸ | 13 ۲۵ | 20 ۳ | 27 ۱۰ عیدالاضحیٰ |
| THU پنجشنبہ | | 7 ۱۹ | 14 ۲۶ | 21 ۴ | 28 ۱۱ |
| FRI جمعہ | 1 ۱۳ ذوالقعدہ | 8 ۲۰ | 15 ۲۷ | 22 ۵ | 29 ۱۲ |
| SAT شنبہ | 2 ۱۴ فاتحہ آصف جاہ سابع | 9 ۲۱ | 16 ۲۸ | 23 ۶ | 30 ۱۳ |


ملک کی قدیم وعظیم ترین اسلامی یونیورسٹی
جامعہ نظامیہ حیدرآباد
155 Years Old Islamic University
JAMIA NIZAMIA HYD.
Generously donate you Zakat / Atiyat / Sadaqat to Jamia Nizamia between 7-00 a.m. and 5-00 p.m. Workers will also come to you to collect the amount on a valid receipt. Contact on.
Ph: No. 24576772, 24416847
Jamia Nizamia, Shibli Gunj Hyderabad-64
Web: jamianizamia.org, Email: fatwajamianizamia@yahoo.com


## اوقات نماز

از: کتاب معیار الاوقات للصیام والصلوات

| ابتدائے عشاء | ابتدائے مغرب افطار | ابتدائے عصر حنفی | ابتدائے عصر شافعی | ابتدائے ظہر | فجر انتہاء | فجر ابتداء | انتہائے سحر | تاریخ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 7:53 | 6:42 | 4:39 | 3.24 | 12:23 | 5:44 | 4:46 | 4:24 | 1 |
| 7:55 | 6:43 | 4:40 | 3.23 | 12:23 | 5:43 | 4:44 | 4:22 | 4 |
| 7:56 | 6:43 | 4:39 | 3.22 | 12:22 | 5:41 | 4:42 | 4:20 | 7 |
| 7:57 | 6:44 | 4:40 | 3.23 | 12:22 | 5:40 | 4:40 | 4:18 | 10 |
| 7:59 | 6:45 | 4:41 | 3.24 | 12:22 | 5:39 | 4:38 | 4:16 | 13 |
| 8:00 | 6:46 | 4:42 | 3.25 | 12:22 | 5:38 | 4:37 | 4:15 | 16 |
| 8:02 | 6:47 | 4:44 | 3.27 | 12:22 | 5:37 | 4:36 | 4:14 | 19 |
| 8:04 | 6:48 | 4:45 | 3.29 | 12:22 | 5:36 | 4:34 | 4:12 | 22 |
| 8:05 | 6:50 | 4:46 | 3.31 | 12:23 | 5:36 | 4:34 | 4:12 | 25 |
| 8:07 | 6:51 | 4:47 | 3.32 | 12:23 | 5:35 | 4:33 | 4:11 | 28 |

## ذبح سے پہلے یہ دعاء پڑھیں

اِنّیِ وَجَّھتُ وَجھِیَ لِلَّذِی فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا وَّ مَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ . اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلْ ھٰذِہِ الْاُضْحِیَّۃَ مِنِّی کَمَا تَقَبَّلْتَ مِنْ سَیِّدِنَا خَلِیْلِکَ اِبْرَاھِیْمَ وَ حَبِیْبِکَ سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَلَیْھِمَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ اس کے بعد بِسْمِ اللّٰہِ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ کہہ کر ذبح کیا جائے۔ گردن جدا ہو جانا مکروہ ہے اگر سہواً ہو جائے تو کوئی حرج نہیں ۔ دوسرا شخص ذبح کررہا ہو تو مِنِّی کی جگہ مِنْ کے بعد قربانی دینے والے کا نام لے۔ صرف بِسْمِ اللّٰہِ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ کہے اور دعا نہ پڑھے تو بھی ذبح ہو جائے گا۔ اگر عمداً بسم اللہ نہ کہے تو جانور حرام ہو جائے گا۔ ذبیحہ سے پتہ، غدود، پھکنہ ' کپورے ' شرم گاہ مکروہ تحریمی ہیں، بہتا خوان حرام ہے۔۔

**ایام تشریق** نو۹ ذوالحجہ کی فجر سے تیرہ۱۳ ذوالحجہ کی عصر تک فرض نماز کے بعد ایک مرتبہ تکبیر تشریق پڑھنا واجب اور تین مرتبہ پڑھنا افضل ہے۔

## تکبیر تشریق

اَللّٰہُ اَکْبَرُ ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ
لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ اللّٰہُ اَکْبَرُ اللّٰہُ اَکْبَرُ وَ لِلّٰہِ الْحَمْدُ

دس۱۰ ذوالحجہ سے تیرہ۱۳ ذوالحجہ تک روزہ رکھنا، ناجائز ہے۔

**نوٹ :**
چرم قربانی غرباء یا ایسے دینی مدارس جن میں طلبہ کے لئے قیام و طعام کا انتظام ہو دینا چاہئے ۔ مسجد کی تعمیر یا تنخواہ یا قصاب یا کسی اور کام کے معاوضہ میں دینا جائز نہیں۔

## قربانی کے احکام اور ضروری مسائل و دعاء

**قربانی** کی بڑی فضیلت ہے اور اس میں بڑی برکت ہے۔ قربانی کا پہلا قطرہ خون گرتے ہی صاحب قربانی کے گناہ معاف ہوجاتے ہیں اور مکان آفات و بلیات سے محفوظ ہوجاتا ہے۔ ہر مقیم مسلمان بالغ صاحب نصاب پر قربانی واجب ہے، کسی شخص کے پاس بنیادی ضرورتوں کے علاوہ 60 گرام 755 ملی گرام سونا یا 425 گرام 285 ملی گرام چاندی یا اس کی قیمت کے برابر رقم ہو تو وہ صاحب نصاب کہلاتا ہے۔ قربانی کے نصاب میں زکوۃ کے نصاب کی طرح مال کا بڑھنے والا ہونا یا اس پر سال گذرنے کی شرط نہیں۔ قربانی کا وقت نماز عید کے بعد سے ۱۲/ ذوالحجہ کے غروب آفتاب تک ہے مگر پہلے دن قربانی کرنا افضل ہے ۔ اگر مقررہ تواریخ میں کسی وجہ سے قربانی نہ ہوسکے تو قربانی کا جانور خیرات کیا جائے۔ جانور خریدا نہیں گیا ہو تو اس کی قیمت خیرات کی جائے۔ قربانی کے لئے بکرا، بکری ایک سال کی عمر کے ہوں ۔ گائے، بھینس، بھینسہ دوسال کے ہوں اور اونٹ پانچ سال کا ہو۔ دنبہ یا مینڈھا چھ ماہ کی عمر کا بھی کافی ہے، بشرطیکہ وہ ایک سالہ بکری کے برابر دکھائی دے۔ صاحب نصاب کی طرف سے ایک بکرا یا مینڈھا دیا جانا واجب ہے۔ اور گائے، بھینس، اونٹ وغیرہ میں سات صاحب نصاب شریک ہوسکتے ہیں قربانی کا جانور صحیح سالم اور بے عیب ہو یعنی اندھا، کانا، لنگڑا، نہایت دبلا پتلا، تہائی سے زیادہ کان کٹا ہوا یا دم و سرین کٹا ہوا، بے دانت، جڑ سے سینگ ٹوٹا ہوا نہ ہو۔ خصی بکرا فربہ ہو تو افضل ہے۔ خود قربانی کرنے والا ذبح کرے، دوسرے سے بھی ذبح کروایا جاسکتا ہے۔ ذبیحہ حلال ہونے کیلئے تین رگوں کا کٹنا ضروری ہے۔ (۱) نرخرہ جس سے سانس لی جاتی ہے (۲) مری جس سے چارہ پانی اترتا ہے (۳) شہ رگ جو خون کی اہم رگ ہے۔



# جامعہ نظامیہ

حیدرآباد ۔ الہند

# JAMIA NIZAMIA

Shibli Gunj, Hyderabad-500064 (Telangana) India. Ph: 24576772, 24416847
www.jamianizamia.org, E-mail: fatwajamianizamia@yahoo.com

## JUNE 2026 — 6 — جون ۲۰۲۶ء م ذوالحجہ ۱۴۴۷ھ / محرم الحرام ۱۴۴۸ھ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| SUN یکشنبہ | | 7 ۲۱ | 14 ۲۸ | 21 ۵ | 28 ۱۲ |
| MON دوشنبہ | 1 ۱۵ ذوالحجہ | 8 ۲۲ | 15 ۲۹ | 22 ۶ | 29 ۱۳ |
| TUE سہ شنبہ | 2 ۱۶ | 9 ۲۳ | 16 ۳۰ | 23 ۷ | 30 ۱۴ |
| WED چہارشنبہ | 3 ۱۷ | 10 ۲۴ | 17 یکم محرم الحرام، شہادت خلیفہ دوم حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ | 24 ۸ | ۱۸/ذوالحجہ شہادت خلیفہ سوم حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ |
| THU پنجشنبہ | 4 ۱۸ شہادت خلیفہ سوم حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ | 11 ۲۵ | 18 ۲ | 25 ۹ | یکم محرم الحرام شہادت خلیفہ دوم حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ |
| FRI جمعہ | 5 ۱۹ یوم تاسیس جامعہ نظامیہ | 12 ۲۶ | 19 ۳ | 26 ۱۰ یوم عاشوراء | ۱۰/محرم الحرام یوم عاشوراء شہادت حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ |
| SAT شنبہ | 6 ۲۰ | 13 ۲۷ | 20 ۴ | 27 ۱۱ | |

## نام حسین اور اس کی معنویت

ہرانسان کی عین تمنا یہی رہتی ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا محبوب بن جائے۔ یہ وہ عظیم نعمت ہے جس سے بندۂ مومن کے لئے دنیا میں بھی کامیابی ہے اور آخرت میں بھی سرخروئی ہے۔ حضرات حسنین کریمین رضی اللہ عنہما کی نسبت سے اس عظیم نعمت کا حصول' ہر امتی کے لئے آسان کردیا گیا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حسن رضی اللہ عنہ و حسین رضی اللہ عنہ یہ دونوں میرے بیٹے اور میری بیٹی کے بیٹے ہیں۔ اے اللہ! میں ان سے محبت کرتا ہوں؛ تو بھی ان سے محبت فرما، اور جو'ان سے محبت کرے انہیں تو اپنا محبوب بنالے!۔ امام عالی مقام رضی اللہ عنہ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے اوصاف وکمالات کے پرتو ہیں۔ آپ کی ولادت کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کا نام 'حسین' رکھا۔ 'حسین' حسن والے کو کہا جاتا ہے، اور صیغہ تصغیر میں پیار والفت کا معنی بھی ہوتا ہے؛ چنانچہ آپ سے نہ صرف مخلوق محبت کرتی ہے بلکہ خالق بھی محبت کرتا ہے۔ حلاوت، ملاحت، خوشبو اور نورانیت 'حسن' کا لازمہ ہے، اور یہ تمام چیزیں امام حسین رضی اللہ عنہ میں بدرجہ اتم موجود ہیں۔ حلاوت وخوشبو کا یہ حال کہ آپ صاحب جمال اور جنتی پھول ہیں، اور حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم آپ کو چوما بھی کرتے اور سونگھا بھی کرتے۔ چہرۂ مبارک کی نورانیت کا یہ عالم تھا کہ کسی تاریک مقام پر آپ تشریف فرما ہوتے تو وہ مقام روشن ومنور ہوجاتا۔ غرض 'حسن' کا ہر لازمہ آپ میں بدرجہ اتم موجود ہے۔

(عمدۃ المحدثین حضرت مولانا محمد خواجہ شریف قادری رحمۃ اللہ علیہ، سابق شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ)

## امیر المؤمنین حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ

خلیفہ ثانی، انتخاب یزدانی حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ وہ باکمال وصاحب جلال شخصیت ہیں جنہوں نے اشاعت اسلام اور عدل وانصاف کی سنہری تاریخ مرتب کی ہے۔ آپ نے بارگاہ نبوی سے علوم ومعارف کا اکتساب کیا اور دین کی حقانیت وصداقت دنیا کے سامنے پیش کی۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت بافیض نے حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کو عزم واستقلال کا پیکر اور جملہ کمالات ومحاسن کا حامل بنادیا۔ داخل اسلام ہونے والوں میں آپ چالیسویں فرد ہیں؛ آپ پر چالیس کا عدد مکمل ہوا۔ آپ کا اسلام قبول کرنا' دین کی تقویت کا ذریعہ بنا۔ جب آپ رضی اللہ عنہ مشرف بہ اسلام ہوئے تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے جوش ومسرت میں اس طرح نعرۂ تکبیر بلند کیا کہ مکہ مکرمہ کی وادیاں گونج اٹھیں۔ حضرت جبریل امین علیہ السلام نے نوید مسرت سنائی کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اسلام قبول کرنے پر آسمان والوں نے خوشیاں منائی ہیں۔ (سنن ابن ماجہ، حدیث نمبر: 108) ماہ ذی الحجہ کے اواخر میں آپ پر حملہ کیا گیا اور یکم محرم اتوار کو آپ کی تدفین عمل میں آئی، اس وقت آپ کی عمر مبارک 63 سال تھی۔ (تاریخ الخلفاء، ص: 109)

## امیر المؤمنین حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ

آپ کو وہ انفرادی مقام ومرتبہ حاصل ہے جو پوری تاریخ انسانیت میں کسی اور کو نصیب نہیں ہوا، حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی دو صاحبزادیاں، حضرت سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا اور ان کے وصال کے بعد حضرت سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا یکے بعد دیگرے آپ کے نکاح میں آئیں۔ نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر میری سو بیٹیاں ہوتیں تو میں انہیں یکے بعد دیگرے تمہارے نکاح میں دیتا، یہاں تک کہ سو مکمل ہوجاتیں۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی یہ خصوصیت تاریخ اسلام میں منفرد ہے، حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر خاتم النبیین محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم تک کسی بھی نبی کی دو بیٹیوں کا ایک ہی شخص سے نکاح تاریخ کا منفرد اعزاز ہے۔ اسی لئے آپ کو ''ذوالنورین''، یعنی ''دو نور والی ہستی'' کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے۔ 18 ذوالحجہ 35 ہجری، بروز جمعہ، بعد نمازِ عصر، آپ نے حالتِ روزہ میں قرآن مجید کی تلاوت کرتے ہوئے جامِ شہادت نوش فرمایا۔

(حضرت مولانا ڈاکٹر مفتی حافظ سید ضیاء الدین نقشبندی صاحب، مفتی ونائب شیخ الجامعہ، جامعہ نظامیہ)

## اوقات نماز

از: کتاب معیار الاوقات للصیام والصلوات

| تاریخ | انتہائے سحر | فجر ابتداء | فجر انتہاء | ابتدائے ظہر | ابتدائے عصر شافعی | ابتدائے عصر حنفی | ابتدائے مغرب افطار | ابتدائے عشاء |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 4:10 | 4:32 | 5:35 | 12:24 | 3.34 | 4:49 | 6:53 | 8:09 |
| 4 | 4:09 | 4:31 | 5:35 | 12:24 | 3.35 | 4:50 | 6:53 | 8:10 |
| 7 | 4:09 | 4:31 | 5:35 | 12:25 | 3.37 | 4:51 | 6:55 | 8:11 |
| 10 | 4:09 | 4:31 | 5:35 | 12:25 | 3.38 | 4:51 | 6:55 | 8:12 |
| 13 | 4:10 | 4:32 | 5:36 | 12:26 | 3.39 | 4:52 | 6:56 | 8:13 |
| 16 | 4:09 | 4:31 | 5:35 | 12:26 | 3.40 | 4:53 | 6:57 | 8:14 |
| 19 | 4:10 | 4:32 | 5:36 | 12:27 | 3.41 | 4:54 | 6:58 | 8:15 |
| 22 | 4:11 | 4:33 | 5:37 | 12:28 | 3.42 | 4:55 | 6:59 | 8:16 |
| 25 | 4:11 | 4:33 | 5:37 | 12:28 | 3.42 | 4:55 | 6:59 | 8:16 |
| 28 | 4:12 | 4:34 | 5:38 | 12:29 | 3.43 | 4:56 | 7:00 | 8:17 |



# جامعہ نظامیہ

حیدرآباد ۔ الھند

# JAMIA NIZAMIA

Shibli Gunj, Hyderabad-500064 (Telangana) India. Ph: 24576772, 24416847
www.jamianizamia.org, E-mail: fatwajamianizamia@yahoo.com

## JULY 2026 — 7 — جولائی ۲۰۲۶ء محرم الحرام/صفر المظفر ۱۴۴۸ھ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| SUN یکشنبہ | | 5 ۱۹ | 12 ۲۶ | 19 ۴ | 26 ۱۱ |
| MON دوشنبہ | | 6 ۲۰ | 13 ۲۷ | 20 ۵ | 27 ۱۲ |
| TUE سہ شنبہ | | 7 ۲۱ | 14 ۲۸ | 21 ۶ | 28 ۱۳ |
| WED چہارشنبہ | 1 محرم الحرام ۱۵ | 8 ۲۲ | 15 ۲۹ | 22 ۷ | 29 ۱۴ |
| THU پنجشنبہ | 2 ۱۶ | 9 ۲۳ | 16 یکم صفر المظفر | 23 ۸ | 30 ۱۵ |
| FRI جمعہ | 3 ۱۷ | 10 ۲۴ | 17 ۲ | 24 ۹ | 31 ۱۶ |
| SAT شنبہ | 4 ۱۸ | 11 ۲۵ | 18 ۳ | 25 ۱۰ | |

## کفالت طلبہ شعبہ حفظ وعالم

علوم اسلامیہ کی اشاعت میں حصہ لینے کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ آپ اپنے مرحومین کے ایصال ثواب کے لیے شعبہ حفظ کے ایک طالب علم یا شعبہ عالمیت کے ایک طالب علم کی کفالت قبول فرمائیں ۔ یہ ایک ثواب جاریہ بھی ہوگا ۔تفصیلات فون 24416847 پر حاصل کی جاسکتی ہیں۔۔

## اوقات نماز

از: کتاب معیارالاوقات للصیام والصلوات

| تاریخ | انتہائے سحر | فجر ابتداء | فجر انتہاء | ابتدائے ظہر | ابتدائے عصر شافعی | ابتدائے عصر حنفی | ابتدائے مغرب/افطار | ابتدائے عشاء |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 4:14 | 4:36 | 5:40 | 12:30 | 3.43 | 4:56 | 7:00 | 8:17 |
| 4 | 4:14 | 4:36 | 5:40 | 12:30 | 3.43 | 4:56 | 7:00 | 8:17 |
| 7 | 4:16 | 4:38 | 5:41 | 12:31 | 3.43 | 4:56 | 7:01 | 8:17 |
| 10 | 4:17 | 4:39 | 5:42 | 12:31 | 3.41 | 4:56 | 7:00 | 8:16 |
| 13 | 4:17 | 4:39 | 5:42 | 12:31 | 3.41 | 4:56 | 7:00 | 8:16 |
| 16 | 4:20 | 4:42 | 5:44 | 12:32 | 3.41 | 4:55 | 7:00 | 8:16 |
| 19 | 4:21 | 4:43 | 5:45 | 12:32 | 3.40 | 4:55 | 6:59 | 8:15 |
| 22 | 4:22 | 4:44 | 5:46 | 12:32 | 3.38 | 4:54 | 6:58 | 8:13 |
| 25 | 4:24 | 4:46 | 5:47 | 12:32 | 3.36 | 4:53 | 6:57 | 8:11 |
| 28 | 4:25 | 4:47 | 5:48 | 12:32 | 3.35 | 4:52 | 6:56 | 8:10 |

## بدشگونی اور توہم پرستی' اسلامی تعلیمات کے خلاف

اسلام نے اپنے ماننے والوں کو نیک فال لینے کی اجازت دی ہے، جس سے اچھی امیدیں وابستہ ہوتی ہیں اور کامیابی کی کرنیں دلوں میں روشن ہونے لگتی ہیں۔اس کے برخلاف بعض ناواقف لوگ ماہ صفر کو منحوس سمجھتے ہیں اور اس ماہ میں کوئی اچھا کام کرنے سے گریز کرتے ہیں،اور کہتے ہیں کہ یہ مہینہ منحوس ہے، یہ جاہلانہ عقیدہ ہے اور اسلام نے اس ''توہم پرستی'' سے منع فرمایا۔عرف عام میں منحوس اس کو کہتے ہیں جو مصیبتوں ، بلاؤں اور امراض سے گھرا ہوا ہو۔ یہ 'مبارک وخوشحالی' کی ضد ہے۔شریعت اسلامیہ نے بالکل واضح کردیا کہ فی نفسہ کوئی چیز منحوس نہیں ہوتی۔اگر کوئی شخص کسی چیز کو منحوس مانتا ہے تو یہ تعلیمات اسلامیہ کے خلاف ہے،اس طرح کے عقیدہ سے اعتقاد خداوندی وتوکل میں کمی واقع ہوجاتی ہے۔حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کوئی بیماری متعدی نہیں ہوتی، بدشگونی جائز نہیں،الّو اور صفر کے مہینہ میں کوئی نحوست نہیں !۔( صحیح بخاری، حدیث نمبر: 5380)۔

چنانچہ جو لوگ اللہ تعالیٰ پر کامل یقین رکھتے ہیں ، روز قیامت بلا حساب جنتی قرار پائیں گے ، جیسا کہ صحیح بخاری میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میری امت میں سے ستر ہزار بغیر حساب کے جنت میں جائیں گے ، یہ وہ لوگ ہیں جو منتر نہیں کرتے ، فال نہیں نکالتے اور اپنے رب پر ہی بھروسہ کرتے ہیں ۔

( صحیح بخاری ، حدیث نمبر: 5705)

(حضرت مولانا حافظ سید صغیر احمد نقشبندی صاحب، شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ)

## جامعہ نظامیہ حیدرآباد کا تعاون کیسے کریں؟

تعاون بصورت نقدرقم: جو حضرات جامعہ نظامیہ حیدرآباد کے منصوبوں کی تکمیل اور اشاعت علم دین میں جامعہ نظامیہ حیدرآباد کے پروگراموں میں شریک ہونے کے لیے اپنے عطیات و زکواۃ وغیرہ کی رقوم ارسال کرنا چاہیں وہ یا تو اپنے حلقوں میں پہنچے ہوئے جامعہ نظامیہ کے سفراء کو رقومات دے کر رسید حاصل کریں یا پھر براہ راست جامعہ نظامیہ کے پتہ پر منی آڈر، ڈرافٹ یا چیک کے ذریعہ اپنی رقوم ارسال کرسکتے ہیں۔ ونیز راست جامعہ نظامیہ کے اکاونٹ میں آن لائن بھی جمع کرسکتے ہیں۔ وصول یابی کے بعد رسید ارسال کردی جائے گی ۔ڈرافٹ یا چیک پر صرف یہ لکھیں :

جامعہ نظامیہ حیدرآباد "Jamia Nizamia Hyd."

بینک کا نام برائے ہند : اسٹیٹ بینک آف انڈیا چندولال بارہ دری برانچ:

A/C 10194046903
IFS Code: SBIN 0003256

اسٹیٹ بینک آف انڈیا گن فاونڈری برانچ:

A/C 62009998597
IFS Code : SBIN 0020066

تعاون بصورت اشیاء : جامعہ نظامیہ کے کتب خانہ کے لیے درسی ومطالعاتی کتب
تعمیری کاموں کے لیے اینٹیں، ریت، سمنٹ، لوہا و دیگر تعمیراتی سامان
درس گاہوں کے لیے پنکھے و دیگر بجلی کا سامان
دارالاقامہ کیلئے واٹر ہیٹرس، واٹر کولرس، طلبہ کے لیے خورد ونوش کا سامان
رقومات زکواۃ وعطیات اور عیدالاضحیٰ کے موقع پر چرم قربانی
شعبہ کمپیوٹر کے لیے کمپیوٹر، اس کے پرزے اصل سافٹ ویر اور اے سی وغیرہ
غریب ونادار طلبہ کے لیے پوشاک کی فراہمی

انکم ٹیکس سے استثناء : جامعہ نظامیہ حیدرآباد کو دی جانے والی رقومات انکم ٹیکس قانون 80-G کے تحت انکم ٹیکس سے مستثنیٰ ہوتی ہے۔۔

SAM # 7842125430



# جامعہ نظامیہ

حیدرآباد ۔ الھند

# JAMIA NIZAMIA

Shibli Gunj, Hyderabad-500064 (Telangana) India. Ph: 24576772, 24416847
www.jamianizamia.org, E-mail: fatwajamianizamia@yahoo.com

## AUGUST 2026 — 8 — اگست ۲۰۲۶ء م صفر المظفر / ربیع الاول ۱۴۴۸ھ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| SUN یکشنبہ | 30 ۱۶ | 2 ۱۸ | 9 ۲۵ | 16 ۲ | 23 ۹ |
| MON دوشنبہ | 31 ۱۷ | 3 ۱۹ | 10 ۲۶ | 17 ۳ | 24 ۱۰ |
| TUE سہ شنبہ | ۱۵/ اگست یوم آزادی ہند | 4 ۲۰ | 11 ۲۷ | 18 ۴ | 25 ۱۱ |
| WED چہارشنبہ | ۵/ ربیع الاول فاتحہ حضرت سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ | 5 ۲۱ | 12 ۲۸ | 19 ۵ فاتحہ سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ | 26 ۱۲ عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم |
| THU پنجشنبہ | ۱۱/ ربیع الاول میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم | 6 ۲۲ | 13 ۲۹ | 20 ۶ | 27 ۱۳ |
| FRI جمعہ | ۱۲/ ربیع الاول میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم | 7 ۲۳ | 14 ۳۰ | 21 ۷ | 28 ۱۴ |
| SAT شنبہ | 1 صفر المظفر ۱۷ | 8 ۲۴ | 15 یکم ربیع الاول یوم آزادی ہند | 22 ۸ | 29 ۱۵ |

## محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم اسباب اور تقاضے

محبت دوقسم کی ہوتی ہے: محبتِ طبعی اور محبتِ عقلی۔ محبتِ طبعی غیر اختیاری ہوتی ہے، جیسے: والدین، اولاد، بھائی، بیوی، خاندان، رشتہ دار، مال و دولت، تجارت اور اپنے پسندیدہ مکانات سے فطری لگاؤ۔ جبکہ محبتِ عقلی اختیاری ہوتی ہے، جو شعور، فہم اور ارادے سے پیدا ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے سورۃ التوبہ میں یہ مطالبہ فرمایا ہے کہ انسان کی یہ تمام فطری محبتیں بھی اللہ تعالی اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کے مقابلے میں کم تر ہوں۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا جب تک کہ میں اس کے نزدیک اس کے والدین، اولاد اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں۔ (صحیح بخاری، حدیث نمبر:15) پس حقیقی ایمان یہ ہے کہ دل کے مرکز پر سب سے پہلی اور سب سے بڑی محبت اللہ تعالی اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ہو۔ **محبت کے اسباب اور محبتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم**: دنیا میں کسی سے محبت بے سبب نہیں ہوتی، بلکہ اس کے پیچھے کوئی نہ کوئی وجہ ضرور کارفرما ہوتی ہے۔ محبت کے اسباب میں سب سے پہلا سبب: **حسن و جمال** ہے۔ جب کسی کے حسن و جمال کو دیکھا جاتا ہے تو آدمی کا دل خود بخود اس کی طرف مائل ہو جاتا ہے۔ کائنات میں سب سے زیادہ حسین و جمیل ذات ہمارے آقا، حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہے۔ دوسرا سبب: **علم، فضل اور کمال** ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو سب سے زیادہ علم عطا فرمایا گیا؛ اللہ تعالیٰ نے آپ کو 'مَا کَانَ وَ مَا یَکُونُ' یعنی جو کچھ ہو چکا اور جو کچھ ہونے والا ہے' سب کا علم عطا فرمایا، اور آپ کو معلمِ کائنات بنا کر مبعوث فرمایا۔ تیسرا سبب 'جود وسخا' ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سخاوت ایسی بے مثال تھی کہ صحابۂ کرامؓ فرماتے ہیں: کبھی کوئی سائل آپ کے درِ اقدس سے خالی نہ گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی کسی کو ''نہیں'' نہیں فرمایا۔ چوتھا سبب: **حسنِ اخلاق** ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق اس قدر عظیم ہیں کہ خود خالقِ کائنات نے فرمایا: وَإِنَّكَ لَعَلَىٰ خُلُقٍ عَظِيمٍ اور بے شک آپ عظیم اخلاق والے ہیں۔ محبت کا پانچواں سبب: **احسان** ہے۔ انسان اپنے محسن سے محبت کرتا ہے، اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم محسنِ انسانیت ہیں، جنہوں نے ہمیں کفر وشرک کے اندھیروں سے نکال کر ایمان و اسلام کی روشنی عطا فرمائی۔ **حب نبوی کا تقاضہ** ہے کہ جس سے محبت ہو' اس کی اطاعت واتباع کی جائے۔ اس کا ذکر کثرت سے کیا جائے۔ چنانچہ، محبتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا تقاضا یہ ہے کہ ہم کثرت سے درود وسلام پڑھیں، اور اپنی زندگی کو سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے مطابق ڈھال لیں۔ میلادِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے اس مبارک موقع پر، ہم عہدوفاء کی تجدید کریں کہ اپنی زندگی کے ہر لمحے کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کے مطابق گزاریں گے۔ ماہ میلاد میں جس طرح گلیاں سجتی ہیں، چراغ جلتے ہیں، نعتوں کی محفلیں آباد ہوتی ہیں اسی طرح ہماری زندگیاں بھی سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی روشنی سے جگمگائیں۔ ہم اپنی ذمہ داری سمجھیں کہ اپنی اولاد کو سیرتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سکھائیں گے، آپ کے انقلاب آفریں پیغام کو دوسروں تک پہنچائیں گے اور دنیا کو بتائیں گے کہ مسلمان کا چہرہ دراصل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق کی جھلک ہے۔

(حضرت مولانا ڈاکٹر سید محمد سیف اللہ صاحب، شیخ الجامعہ، جامعہ نظامیہ)

## حضرت امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ

سے متعلق حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: جب سے کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو امام حسن رضی اللہ عنہ کے ساتھ خصوصی کرم نوازی فرماتے ہوئے دیکھا؛ میں بھی اس عظمت والی ہستی سے (حد درجہ) محبت کرنے لگا ہوں۔

(نور الأبصار، ص:243)

## اوقات نماز

از: کتاب معیار الاوقات — للصیام والصلوات

| تاریخ | ابتدائے سحر | فجر ابتداء | فجر انتہاء | ابتدائے ظہر | ابتدائے عصر شافعی | ابتدائے عصر حنفی | ابتدائے مغرب وافطار | ابتدائے عشاء |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 4:27 | 4:49 | 5:49 | 12:32 | 3.33 | 4:50 | 6:55 | 8:08 |
| 4 | 4:28 | 4:50 | 5:50 | 12:32 | 3.32 | 4:49 | 6:54 | 8:06 |
| 7 | 4:30 | 4:52 | 5:51 | 12:32 | 3.31 | 4:48 | 6:53 | 8:05 |
| 10 | 4:31 | 4:53 | 5:51 | 12:31 | 3.31 | 4:48 | 6:51 | 8:02 |
| 13 | 4:33 | 4:55 | 5:53 | 12:31 | 3.32 | 4:47 | 6:49 | 8:00 |
| 16 | 4:33 | 4:55 | 5:55 | 12:30 | 3.31 | 4:46 | 6:47 | 7:58 |
| 19 | 4:35 | 4:57 | 5:54 | 12:30 | 3.32 | 4:44 | 6:46 | 7:56 |
| 22 | 4:35 | 4:57 | 5:54 | 12:29 | 3.32 | 4:43 | 6:44 | 7:53 |
| 25 | 4:36 | 4:58 | 5:55 | 12:28 | 3.31 | 4:42 | 6:41 | 7:51 |
| 28 | 4:37 | 4:59 | 5:55 | 12:27 | 3.31 | 4:39 | 6:39 | 7:48 |



ABULWAFA AL-AFGHANI PRINTING PRESS JAMIA NIZAMIA Ph: 24416847, 24576772
Rs.25/- قیمت پچیس روپے
SAM # 7842125430



# جامعہ نظامیہ

حیدرآباد ۔ الھند

# JAMIA NIZAMIA


Shibli Gunj, Hyderabad-500064 (Telangana) India. Ph: 24576772, 24416847
www.jamianizamia.org, E-mail: fatwajamianizamia@yahoo.com


## SEPTEMBER 2026 | 9 | ستمبر ۲۰۲۶ء م ربیع الاول / ربیع الآخر ۱۴۴۸ھ

| Day | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| SUN یکشنبہ | | 6 ۲۳ | 13 یکم ربیع الآخر | 20 ۸ | 27 ۱۵ |
| MON دوشنبہ | | 7 ۲۴ | 14 ۲ | 21 ۹ | 28 ۱۶ |
| TUE سہ شنبہ | 1 ربیع الاول ۱۸ | 8 ۲۵ | 15 ۳ | 22 ۱۰ | 29 ۱۷ |
| WED چہارشنبہ | 2 ۱۹ | 9 ۲۶ | 16 یوم ولادت حضرت بانی جامعہ نظامیہ ۴ | 23 یازدہم شریف ۱۱ | 30 ۱۸ |
| THU پنجشنبہ | 3 ۲۰ | 10 ۲۷ | 17 ۵ | 24 ۱۲ | ۱۱ر ربیع الآخر یازدہم شریف |
| FRI جمعہ | 4 ۲۱ | 11 ۲۸ | 18 ۶ | 25 ۱۳ | |
| SAT شنبہ | 5 ۲۲ | 12 ۲۹ | 19 ۷ | 26 ۱۴ | |

## تعلیمات حضرت غوث اعظم رحمتہ اللہ علیہ

حضرت غوث الثقلین رحمتہ اللہ علیہ ''غنیۃ الطالبین'' میں لکھتے ہیں کہ '' توبہ ہر شخص کے لئے فرض عین ہے، کوئی بشر اس سے مستغنی نہیں ؛ کیونکہ وہ جوارح اور اعضاء کی معصیتوں سے بچ نہیں سکتا اور اگر اس سے بچ بھی گیا تو دل کے گناہوں کے ارادہ سے بچ نہیں سکتا اور اگر اس سے بھی بچ گیا تو شیطان جو دل پر مختلف خطرے ڈالتا ہے جن کی وجہ سے ذکر الٰہی سے غافل ہوجائے' بچ نہیں سکتا اور اگر اس سے بھی بچ جائے تو غفلت اور علم صفات وافعال الٰہی کے حاصل کرنے میں قصور اور کوتاہی کرنے سے بچ نہیں سکتا۔ یہ تمام ، مؤمنین کے احوال اور مقامات ہیں جن کے لئے طاعات اور گناہ اور حدود اور شروط مقرر ہیں ، حفاظت ان کی' طاعت ہے اور ان کا چھوڑ دینا اور ان سے غفلت کرنا گناہ ہے ۔ بہرحال ہر شخص کو ہر حالت میں توبہ کی ضرورت ہے، مگر مقامات جدا جدا ہیں۔ عوام کی توبہ گناہوں سے ہوگی اور خواص کی توبہ غفلت سے اور خاص الخاص کی توبہ' ماسوی اللہ کی طرف مائل ہونے سے ۔ اور فرمایا کہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ ایماندار اپنے گناہ کو مثل پہاڑ کے سمجھتا ہے جو اس کے سر پر معلق ہو، وہ ڈرتا ہے کہ یہ پہاڑ کہیں مجھ پر گر نہ جائے اور منافق' گناہ کو ایسا سمجھتا ہے جیسے مکھی ناک پر بیٹھی اور اس کو اڑادیا ۔ اب غور کیجئے کہ جب حضرت پیر دستگیر رحمتہ اللہ علیہ گناہوں سے اس قدر خوف دلاتے ہیں اور توبہ کی شدید ضرورت بیان فرماتے ہیں تو ہم مریدوں کو اس کا کس قدر اہتمام کرنا چاہیئے ؟ ۔

( مقاصد الاسلام ، حصہ: ہشتم ، ص:145 ۔ از: حضرت شیخ الاسلام امام محمد انوار اللہ فاروقی رحمتہ اللہ علیہ ، بانی جامعہ نظامیہ )

حضرت غوث اعظم رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا: ● بندگی کی چار صفات ہیں: (1) وفاء عہد (2) حفاظت حدود ( شریعت کا پاس ولحاظ ) (3) رضا (4) صبر ۔ ● دعاء کی شرائط میں ایک شرط یہ بھی ہے کہ دعاء مانگنے والے کا کھانا، پینا اور پہننا حلال ہو۔ ● قلب مومن کو اس وقت تک اطمینان نہیں ہوتا اور نہ اس کا خوف اس وقت تک جاتا ہے جب تک کہ وہ پل صراط پار نہ کرلے گا۔ ● حلاوت تین چیزوں میں ہے: (1) نماز (2) ذکر (3) قرآن کریم کی تلاوت ۔ اگر تمہیں ان چیزوں سے حلاوت محسوس ہو تو ٹھیک ہے؛ ورنہ جان لو کہ دروازہ بند ہے۔ ● ہر چیز کے لئے سزا ہے اور صاحب معرفت کی سزا یہ ہے کہ اللہ تعالی کے ذکر سے اس کا تعلق ٹوٹ جائے ۔ ● وہ بندہ کبھی بھی کشف اور مشاہدہ کا حصول نہیں کرسکتا جس کے اور اللہ تعالی کے درمیان تقویٰ اور مراقبہ مضبوط نہیں ! ۔ ● خاموشی زبان کی پرہیزگاری ہے۔ جس طرح تم بات کرنا سیکھتے ہو اسی طرح خاموش رہنا بھی سیکھ لو؛ کیونکہ اگر کلام تمہیں راستہ بتلاتا ہے تو خاموشی تمہیں بچالیتی ہے۔


ملک کی قدیم وعظیم ترین اسلامی یونیورسٹی

جامعہ نظامیہ حیدرآباد

155 Years Old Islamic University

JAMIA NIZAMIA HYD.

Generously donate you Zakat / Atiyat / Sadaqat to Jamia Nizamia between 7-00 a.m. and 5-00 p.m. Workers will also come to you to collect the amount on a valid receipt. Contact on.

Ph: No. 24576772, 24416847

Jamia Nizamia, Shibli Gunj Hyderabad-64

Web: jamianizamia.org, Email: fatwajamianizamia@yahoo.com


## اوقات نماز

از: کتاب معیار الاوقات للصیام والصلوات

| تاریخ | انتہائے سحر | فجر ابتداء | فجر انتہاء | ابتدائے ظہر | ابتدائے عصر شافعی | ابتدائے عصر حنفی | ابتدائے مغرب افطار | ابتدائے عشاء |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 4:38 | 5:00 | 5:56 | 12:26 | 3.30 | 4:37 | 6:36 | 7:44 |
| 4 | 4:39 | 5:01 | 5:57 | 12:25 | 3.31 | 4:36 | 6:33 | 7:42 |
| 7 | 4:40 | 5:02 | 5:58 | 12:24 | 3.31 | 4:35 | 6:30 | 7:39 |
| 10 | 4:41 | 5:03 | 5:58 | 12:23 | 3.32 | 4:34 | 6:28 | 7:37 |
| 13 | 4:41 | 5:03 | 5:58 | 12:22 | 3.32 | 4:33 | 6:26 | 7:34 |
| 16 | 4:42 | 5:04 | 5:58 | 12:21 | 3.33 | 4:32 | 6:24 | 7:31 |
| 19 | 4:43 | 5:05 | 5:59 | 12:20 | 3.33 | 4:31 | 6:21 | 7:28 |
| 22 | 4:44 | 5:06 | 5:59 | 12:19 | 3.36 | 4:30 | 6:19 | 7:26 |
| 25 | 4:44 | 5:06 | 6:00 | 12:18 | 3.34 | 4:28 | 6:16 | 7:23 |
| 28 | 4:37 | 5:06 | 6:00 | 12:17 | 3.32 | 4:26 | 6:14 | 7:21 |

■ چاند کی تاریخ : تعطیلات جامعہ نظامیہ


ABULWAFA AL-AFGHANI PRINTING PRESS JAMIA NIZAMIA Ph: 24416847, 24576772

Rs.25/- قیمت پچیس روپئے

SAM # 7842125430



# جامعہ نظامیہ

حیدرآباد ۔ الہند

# JAMIA NIZAMIA


Shibli Gunj, Hyderabad-500064 (Telangana) India. Ph: 24576772, 24416847

www.jamianizamia.org, E-mail: fatwajamianizamia@yahoo.com


## OCTOBER 2026 — 10 — اکٹوبر سنہ ۲۰۲۶ء م ربیع الآخر/ جمادی الاولیٰ سنہ ۱۴۴۸ھ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| SUN یکشنبہ | | 4 ۲۲ | 11 ۲۹ | 18 ۶ | 25 ۱۳ |
| MON دوشنبہ | | 5 ۲۳ | 12 ۳۰ | 19 ۷ | 26 ۱۴ |
| TUE سہ شنبہ | | 6 ۲۴ | 13 یکم جمادی الاولیٰ | 20 ۸ | 27 ۱۵ |
| WED چہارشنبہ | | 7 ۲۵ | 14 ۲ | 21 ۹ | 28 ۱۶ |
| THU پنجشنبہ | 1 ۱۹ ربیع الآخر | 8 ۲۶ | 15 ۳ | 22 ۱۰ | 29 ۱۷ |
| FRI جمعہ | 2 ۲۰ | 9 ۲۷ | 16 ۴ | 23 ۱۱ | 30 ۱۸ |
| SAT شنبہ | 3 ۲۱ | 10 ۲۸ | 17 ۵ | 24 ۱۲ | 31 ۱۹ |

## کفالت طلبہ شعبۂ حفظ و عالم

علوم اسلامیہ کی اشاعت میں حصہ لینے کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ آپ اپنے مرحومین کے ایصال ثواب کے لیے شعبہ حفظ کے ایک طالب علم یا شعبہ عالمیت کے ایک طالب علم کی کفالت قبول فرمائیں ۔ یہ ایک ثواب جاریہ بھی ہوگا ۔تفصیلات فون 24416847 پر حاصل کی جاسکتی ہیں۔۔

## اوقات نماز

از: کتاب معیار الاوقات للصیام والصلوات

| تاریخ | انتہائے سحر | فجر ابتداء | فجر انتہاء | ابتدائے ظہر | ابتدائے عصر شافعی | ابتدائے عصر حنفی | ابتدائے مغرب و افطار | ابتدائے عشاء |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 4:44 | 5:06 | 6:00 | 12:16 | 3.30 | 4:25 | 6:12 | 7:19 |
| 4 | 4:45 | 5:07 | 6:01 | 12:15 | 3.28 | 4:23 | 6:09 | 7:17 |
| 7 | 4:45 | 5:07 | 6:01 | 12:14 | 3.26 | 4:21 | 6:07 | 7:14 |
| 10 | 4:46 | 5:08 | 6:02 | 12:13 | 3.24 | 4:19 | 6:04 | 7:11 |
| 13 | 4:46 | 5:08 | 6:03 | 12:12 | 3.23 | 4:18 | 6:01 | 7:10 |
| 16 | 4:47 | 5:09 | 6:04 | 12:12 | 3.22 | 4:16 | 6:00 | 7:07 |
| 19 | 4:47 | 5:09 | 6:04 | 12:11 | 3.21 | 4:14 | 5:58 | 7:06 |
| 22 | 4:48 | 5:10 | 6:06 | 12:11 | 3.20 | 4:13 | 5:56 | 7:04 |
| 25 | 4:49 | 5:11 | 6:06 | 12:10 | 3.19 | 4:12 | 5:54 | 7:02 |
| 28 | 4:50 | 5:12 | 6:07 | 12:10 | 3.19 | 4:11 | 5:53 | 7:01 |

## دل کی بیماریوں کے لئے اصول علاج

اے دل کے بیمار! اگر تو شفا چاہتا ہے تو تجھے چاہئے کہ ان چند امور کا دل سے یقین کرے ،اگر ڈاواں ڈول رہا تو تجھے شفا کی امید نہ رکھنی چاہئے۔ پہلے تو تجھے ماننا ہوگا کہ جسمانی مرض وصحت کی طرح دل کے مرض وصحت کے بھی اسباب ہیں، جب تک تجھے اس پر پورا یقین نہ ہوگا تو' تو علاج کی طرف ہرگز متوجہ نہ ہوگا! کیوں کہ مرض کے سبب کو دور کرنے کا نام ہی علاج ہے ۔ جب سبب ہی کا یقین نہیں تو پھر علاج کیا ؟۔ دوسرا: طبیب جسمانی کی طرح کوئی (پیر کامل) طبیب روحانی کو خاص طور پر معین کرکے اس کی نسبت تجھے یہ یقین کرنا ہوگا کہ یہ طب روحانی کا عالم ہے اور اپنے فن میں حاذق ہے ۔تشخیص اور نسخہ نویسی میں اعلیٰ پایہ رکھتا ہے، اپنا مطب چلانے کے لئے جھوٹ سچ ملانے کا عادی نہیں ہے؛ کیونکہ مرض کے سبب کا یقین کرنا گویا اصل طب پر یقین کرنا ہے ۔صرف یہ یقین نفع نہیں دے سکتا جب تک کسی خاص معین طبیب کی نسبت امور صدر (اوپر بیان کی گئی چیزوں) کا یقین نہ کرے ۔تیسرا: اس طبیب حاذق (پیر کامل) کی ہر بات کو دلی توجہ سے سننا ہوگا۔ کیسی ہی کڑوی دوا دے اس کو خوشی سے پینا پڑے گا، جو وہ پرہیز بتائے اس پر سختی سے پابندی کرنا ہوگا!۔ چوتھا: بہت سے ایسے امراض ہیں کہ نبض اور قارورہ میں طبیب پر ظاہر نہیں ہوسکتے ہیں ،اس لئے طبیب کو اپنے کُل امراض کی اطلاع دینا ضروری ہے!۔ اسی طرح اوٗ دل کے بیمار! جو دل کی بیماریاں تجھ کو معلوم ہوسکتی ہیں ان سب کو پیر کامل پر ظاہر کرنا پڑے گا۔ ہائے افسوس! آج کل مریض باوجود معلوم ہونے کے بھی طبیب روحانی سے مرض کو چھپاتا ہے، اگر طبیب ہی اس مریض میں جو بیماریاں ہیں ظاہر کردے تو اس سے ناراض ہوجاتا ہے ، پھر صحت ہو تو کیسے ہو؟۔ دل کی بیماریوں کی ادویہ: دل کی بیماریوں کی دوائیں شریعت کے مَطَب میں بنتی ہیں ، انبیاء کرام علیہم السلام ان کو ترتیب دیتے ہیں۔ وہ: عبادات اور اعمال صالحہ، طاعت اور ذکر وتقویٰ، خوف الٰہی سے رونا اور نعمتوں پر شکر کرنا، عالم ربانی کا وعظ سننا، ہر امر میں سنت پر عمل کرنا اور ہمیشہ تہجد پڑھتے رہنا ہے۔

(علاج السالکین ۔از: حضرت ابوالحسنات سید عبداللہ شاہ نقشبندی محدث دکن رحمۃ اللہ علیہ)

## جامعہ نظامیہ حیدرآباد کا تعاون کیسے کریں؟

**تعاون بصورت نقد رقم:** جو حضرات جامعہ نظامیہ حیدرآباد کے منصوبوں کی تکمیل اور اشاعت علم دین میں جامعہ نظامیہ حیدرآباد کے پروگراموں میں شریک ہونے کے لیے اپنے عطیات و زکواۃ وغیرہ کی رقوم ارسال کرنا چاہیں وہ یا تو اپنے حلقوں میں پہنچے ہوئے جامعہ نظامیہ کے سفراء کو رقومات دے کر رسید حاصل کریں یا پھر براہ راست جامعہ نظامیہ کے پتہ پر منی آڈر، ڈرافٹ یا چیک کے ذریعہ اپنی رقوم ارسال کرسکتے ہیں۔ و نیز راست جامعہ نظامیہ کے اکاونٹ میں آن لائن بھی جمع کرسکتے ہیں۔ وصول یابی کے بعد رسید ارسال کردی جائے گی ۔ ڈرافٹ یا چیک پر صرف یہ لکھیں :

جامعہ نظامیہ حیدرآباد "Jamia Nizamia Hyd."

بینک کا نام برائے ہند : اسٹیٹ بینک آف انڈیا چندولال بارہ دری برانچ:

A/C 10194046903

IFS Code: SBIN 0003256

اسٹیٹ بینک آف انڈیا گن فاونڈری برانچ:

A/C 62009998597

IFS Code : SBIN 0020066

**تعاون بصورت اشیاء :** جامعہ نظامیہ کے کتب خانہ کے لیے درسی و مطالعاتی کتب

تعمیری کاموں کے لیے اینٹیں، ریت، سمنٹ، لوہا و دیگر تعمیراتی سامان

درس گاہوں کے لیے پنکھے و دیگر بجلی کا سامان

دارالاقامہ کیلئے واٹر ہیٹرس، واٹر کولرس، طلبہ کے لیے خورد و نوش کا سامان

رقومات زکواۃ و عطیات اور عیدالاضحیٰ کے موقع پر چرم قربانی

شعبہ کمپیوٹر کے لیے کمپیوٹر، اس کے پرزے اصل سافٹ ویر اور اے سی وغیرہ

غریب و نادار طلبہ کے لیے پوشاک کی فراہمی

**انکم ٹیکس سے استثناء :** جامعہ نظامیہ حیدرآباد کو دی جانے والی رقومات انکم ٹیکس قانون 80-G کے تحت انکم ٹیکس سے مستثنیٰ ہوتی ہے۔۔

SAM # 7842125430


ABULWAFA AL-AFGHANI PRINTING PRESS JAMIA NIZAMIA Ph: 24416847, 24576772

قیمت پچیس روپے Rs.25/-


■ چاند کی تاریخ : تعطیلات جامعہ نظامیہ



# جامعہ نظامیہ

حیدرآباد ۔ الھند

# JAMIA NIZAMIA


Shibli Gunj, Hyderabad-500064 (Telangana) India. Ph: 24576772, 24416847
www.jamianizamia.org, E-mail: fatwajamianizamia@yahoo.com


## NOVEMBER 2026 (11) نومبر ۲۰۲۶ء م جمادی الاولیٰ/ جمادی الاخریٰ ۱۴۴۸ھ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| SUN یکشنبہ | 1 ٢٠ (جمادی الاولیٰ) | 8 ٢٧ | 15 ٥ | 22 ١٢ | 29 ١٩ |
| MON دوشنبہ | 2 ٢١ | 9 ٢٨ | 16 ٦ | 23 ١٣ | 30 ٢٠ |
| TUE سہ شنبہ | 3 ٢٢ | 10 ٢٩ (عرس حضرت بانی جامعہ نظامیہ) | 17 ٧ | 24 ١٤ | ۲۹/ جمادی الاولیٰ<br>بعد نماز عصر ختم قرآن وچادر گل برمزار بانی جامعہ نظامیہ شیخ الاسلام حضرت مولانا حافظ محمد انوار اللہ فاروقی قدس سرہ<br>بعد نماز مغرب<br>جلسہ تقسیم اسناد وعطائے خلعت جامعہ نظامیہ |
| WED چہارشنبہ | 4 ٢٣ | 11 یکم جمادی الاخریٰ | 18 ٨ | 25 ١٥ | |
| THU پنجشنبہ | 5 ٢٤ | 12 ٢ | 19 ٩ | 26 ١٦ | |
| FRI جمعہ | 6 ٢٥ | 13 ٣ | 20 ١٠ | 27 ١٧ | |
| SAT شنبہ | 7 ٢٦ | 14 ٤ | 21 ١١ | 28 ١٨ | |

## عارف باللہ حضرت شیخ الاسلام امام محمد انوار اللہ فاروقی رحمۃ اللہ علیہ بانی جامعہ نظامیہ

آپ رحمۃ اللہ علیہ کی ولادت 4/ربیع الثانی 1264ھ بمقام ناندیڑ ہوئی۔ آپ کا نسب مبارک چالیسویں پشت میں خلیفہ دوم حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ سے جاملتا ہے، آپ نے اپنے والد ماجد حضرت قاضی ابومحمد شجاع الدین فاروقی رحمۃ اللہ علیہ اور اکابر وقت سے تحصیل علم کیا اور علوم عالیہ وآلیہ میں یکتائے روزگار ویگانۂ زمانہ ہوئے۔ آپ وقتِ واحد میں مفسر بھی ہیں اور محدث بھی، فقیہ بھی ہیں اور متکلم بھی، عالمِ ربانی بھی ہیں اور صوفی صافی بھی ہیں، ادیب بھی ہیں اور شاعر بھی، طلبہ پر مہربان بھی ہیں اور اپنی قوم کے شفیق مصلح وکریم بھی ہیں، آپ اپنے زمانہ کے دو بادشاہوں کے معلم بھی ہیں اور ان کی رعایا کے لئے ہدایت کے روشن مینار بھی ہیں اور آپ شریعت وطریقت کے مجمع البحرین بھی ہیں۔ حضرت شیخ الاسلام رحمۃ اللہ علیہ نے علمی ودینی و ملی ومعاشرتی، مذہبی اور تجدیدی خدمات انجام دی ہیں۔ جن میں بارگاہ نبوی کی مقبول عظیم دانش گاہ ''**جامعہ نظامیہ**'' کا قیام ہے ☆ نیز آپ کی علمی یادگار شہرۂ آفاق تحقیقی ادارہ ''**دائرۃ المعارف عثمانیہ**'' ہے، جہاں سے مختلف زبانوں اور فنون میں سینکڑوں کتب ومخطوطات کی تحقیق کی گئی، جو ارباب علم کے یہاں قدر کی نگاہوں سے دیکھی جاتی ہیں ☆ آپ نے سرزمین ہندوستان کی مؤقر لائبریری ''**کتب خانہ آصفیہ**'' (State Central Library) کا قیام عمل میں لایا ☆ اہلِ علم کی مفیدِ قوم وملک تصنیفات کی اشاعت کے لئے ''**مجلس اشاعت العلوم**'' کی بناء ڈالی ☆ اردو عربی و فارسی زبانوں میں گراں قدر تصانیف بطور یادگار چھوڑیں ☆ **اہل خدمات شرعیہ** کی تعلیم وتربیت اور ان کے لئے مستقل نصاب تیار کروایا ☆ **ملک** و بیرون **ملک** بصرہ وآسٹریلیا وغیرہ میں مساجد تعمیر کروائیں ☆ مختلف ریاستوں میں متعدد **مدارس کا قیام** عمل میں لایا اور دیگر مدارس کو مالی امداد جاری فرمائی ☆ **اہل طریق اور پیرزادگان کی تربیت** کا خصوصی انتظام فرمایا ☆ حرمین شریفین کی طرح مکہ مسجد میں خطبۂ میلاد کا آغاز کروایا اور خلفاء راشدین رضی اللہ عنہم اور اہل بیت کرام رضی اللہ عنہم کے ایام وصال میں مجالس تذکرہ و فاتحہ خوانی کا آغاز فرمایا ☆ عائلی مسائل (نکاح طلاق وخلع) کی یکسوئی کے لئے **نظام قضاءت** کو منظم فرمایا ☆ مسلمانوں کی فکر وعمل کی اصلاح کے لئے **انجمن اصلاح مسلمانان** قائم فرمائی۔ مسلمانانِ عالم پر عموماً اور اہل دکن پر خصوصاً آپ کا احسان ہے۔ آپ نے مختلف موضوعات پر علمی، وقیع کتابیں تالیف فرمائیں جو بصارت وبصیرت کو منور کرنے والی اور مشام جان وایمان کو معطر کرنے والی ہیں۔ علم وفضل کی ضیاباریاں کرتا ہوا علم وفضل کا یہ آفتاب 29/جمادی الاولی 1336ھ اپنے پیچھے ہزاروں ستاروں کو روشن ومنور کرتے ہوئے غروب ہوگیا۔ أعلى الله مقامه۔

## جامعہ نظامیہ کے سالانہ امتحانات

جامعہ نظامیہ ملک کی ممتاز اسلامی یونیورسٹی ہے۔ جس کے نظام تعلیم کو ملک و بیرون ملک میں وقعت واہمیت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ جامعہ نظامیہ میں سالانہ امتحانات کے پانچ مرحلے ہیں۔ (1) مولوی (2) عالم (3) فاضل (4) کامل (5) دکتوراہ۔ اس کے علاوہ قراءات وتجوید، اہل خدمات شرعیہ، تکمیل حفظ قرآن مجید اور ڈپلوما ان عربک کے امتحانات ہر سال منعقد ہوتے ہیں۔ یہ امتحانات جامعہ نظامیہ اور ملک بھر میں اس کے ملحقہ مدارس کے مراکز امتحانات میں بیک وقت منعقد کئے جاتے ہیں۔ امتحانات ہر سال ماہ رجب کے آخر میں منعقد ہوتے ہیں جس کا ایک ماہ قبل اعلامیہ اور نظام العمل جاری کیا جاتا ہے۔ تفصیلات کے لئے jnexaminations@gmail.com پر بذریعہ ای میل رابطہ کریں۔

## اوقات نماز

از: کتاب معیار الاوقات للصیام والصلوات

| تاریخ | ابتدائے سحر | فجر ابتداء | فجر انتہاء | ابتدائے ظہر | ابتدائے عصر شافعی | ابتدائے عصر حنفی | ابتدائے مغرب/افطار | ابتدائے عشاء |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 4:51 | 5:13 | 6:08 | 12:10 | 3.18 | 4:10 | 5:52 | 7:00 |
| 4 | 4:52 | 5:14 | 6:10 | 12:10 | 3.18 | 4:08 | 5:50 | 6:59 |
| 7 | 4:53 | 5:15 | 6:11 | 12:10 | 3.17 | 4:07 | 5:49 | 6:58 |
| 10 | 4:54 | 5:16 | 6:12 | 12:10 | 3.17 | 4:06 | 5:48 | 6:57 |
| 13 | 4:55 | 5:17 | 6:14 | 12:10 | 3.16 | 4:05 | 5:46 | 6:56 |
| 16 | 4:57 | 5:19 | 6:16 | 12:11 | 3.16 | 4:05 | 5:46 | 6:56 |
| 19 | 4:57 | 5:19 | 6:16 | 12:11 | 3.16 | 4:04 | 5:46 | 6:56 |
| 22 | 4:59 | 5:21 | 6:18 | 12:12 | 3.16 | 4:04 | 5:46 | 6:56 |
| 25 | 5:01 | 5:23 | 6:20 | 12:13 | 3.15 | 4:03 | 5:46 | 6:56 |
| 28 | 5:02 | 5:24 | 6:22 | 12:14 | 3.16 | 4:04 | 5:46 | 6:57 |


SAM # 7842125430



# جامعہ نظامیہ

حیدرآباد۔الہند

# JAMIA NIZAMIA

Shibli Gunj, Hyderabad-500064 (Telangana) India. Ph: 24576772, 24416847
www.jamianizamia.org, E-mail: fatwajamianizamia@yahoo.com

## DECEMBER 2026 (12) ڈسمبر ۲۰۲۶ء جمادی الاخریٰ/رجب المرجب ۱۴۴۸ھ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| SUN یکشنبہ | | 6 ۲۶ | 13 ۳ | 20 ۱۰ | 27 ۱۷ |
| MON دوشنبہ | | 7 ۲۷ | 14 ۴ | 21 ۱۱ | 28 ۱۸ |
| TUE سہ شنبہ | 1 ۲۱ جمادی الاخریٰ | 8 ۲۸ | 15 ۵ | 22 ۱۲ | 29 ۱۹ |
| WED چہارشنبہ | 2 ۲۲ فاتحہ خلیفہ اول رضی اللہ عنہ | 9 ۲۹ | 16 ۶ عرس حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ | 23 ۱۳ فاتحہ حضرت ابوالوفاء الافغانی رحمۃ اللہ علیہ | 30 ۲۰ |
| THU پنجشنبہ | 3 ۲۳ | 10 ۳۰ | 17 ۷ | 24 ۱۴ | 31 ۲۱ |
| FRI جمعہ | 4 ۲۴ | 11 یکم رجب المرجب | 18 ۸ | 25 ۱۵ | ۲۲؍جمادی الاخریٰ فاتحہ خلیفہ اول حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ |
| SAT شنبہ | 5 ۲۵ | 12 ۲ | 19 ۹ | 26 ۱۶ | ۶؍رجب المرجب عرس حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ |

**امیر المؤمنین حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ** نے قسم کے ساتھ فرمایا: حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قرابت داروں (اہل بیت) کے ساتھ حسن سلوک کرنا مجھے اپنے قرابت داروں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے سے زیادہ محبوب و پسندیدہ ہے۔
(صحیح بخاری، حدیث نمبر:3712)

**امیر المؤمنین حضرت علی مرتضی رضی اللہ عنہ** نے فرمایا: کیا میں تمہیں ایسی شخصیت کے بارے میں نہ بتلاؤں جو حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اس امت میں سب سے بہتر ہیں؟ سنو! وہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں۔ (مسند امام احمد، حدیث نمبر: 845)

**حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ** سے متعلق آپ کے پیرو مرشد نے فرمایا: معین الدین خدا کا محبوب ہے، اور مجھے اس کی مریدی پر فخر ہے۔
(سیر العارفین، ص:8)

### اوقات نماز

از: کتاب معیار الاوقات للصیام والصلوات

| ابتدائے عشاء | ابتدائے مغرب افطار | ابتدائے عصر حنفی | ابتدائے عصر شافعی | ابتدائے ظہر | فجر انتہاء | فجر ابتداء | انتہائے سحر | تاریخ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 6:58 | 5:46 | 4:04 | 3.16 | 12:15 | 6:24 | 5:26 | 5:04 | 1 |
| 6:59 | 5:46 | 4:05 | 3.17 | 12:16 | 6:26 | 5:27 | 5:05 | 4 |
| 7:00 | 5:47 | 4:05 | 3.18 | 12:17 | 6:27 | 5:29 | 5:07 | 7 |
| 7:02 | 5:48 | 4:06 | 3.19 | 12:19 | 6:30 | 5:31 | 5:09 | 10 |
| 7:03 | 5:49 | 4:07 | 3.20 | 12:20 | 6:31 | 5:32 | 5:10 | 13 |
| 7:05 | 5:51 | 4:09 | 3.22 | 12:22 | 6:33 | 5:34 | 5:12 | 16 |
| 7:06 | 5:52 | 4:10 | 3.23 | 12:23 | 6:34 | 5:35 | 5:13 | 19 |
| 7:07 | 5:54 | 4:12 | 3.25 | 12:25 | 6:36 | 5:37 | 5:15 | 22 |
| 7:08 | 5:55 | 4:13 | 3.26 | 12:26 | 6:37 | 5:38 | 5:16 | 25 |
| 7:09 | 5:56 | 4:14 | 3.27 | 12:27 | 6:38 | 5:39 | 5:17 | 28 |

## Appeal of Jamia Nizamia To Generous Persons and Philanthrophic Institutions

The massive programmes of Jamia Nizamia, its educational activites and its managment is depend upon the donations of the muslim community and on their sincere cooperation. One can get the divine award by sharing the following programmes of Jamia Nizamia. 1)Memorization of Qur'an (Hifz)- sponsorship of one student by paying Rs.1250/- permonth - for memorization of Qur'an (Hifz) or to complete the Aalim course. Memorization period is four years - Acquisition of religious education (Aalim course) (7) years. It is the best opportunity to convey the divine reward and the bliss of Almighty Allah for ourselves and in favour of our departed souls.

2)Provision of free boarding facilities to its students. 3)Text and non-text books to be supplied to the poor students including clothes and other facilities, new computers to the computer section (spare parts, software and air-conditioning etc.) in this regard. 4)A new hostel building has Been constructed. The structure of the 2nd floor of this building is also laid it has to be got completed for use. 5)Further there is 1300 sq.yards of land available at Osmangunj Hyderabad which is a highly commercial area. Five storyed building is proposed to be constructed on this land. On the ground floor there will be shops and the rest of the floors will have space for shops and offices. The plan is being submitted to the GHMC for approval. This commercial complex will be equipped with lifts and escalator. On completion of this complex, it will generate sufficient income to Jamia Nizamia to meet its expenditure. In fact for want of funds the work is yet to be started. The generous muslims are requested to extend their full cooperation for the completion of this proposed complex. Their cooperation will invite divine reward for those who contribute to this plan and reward for their parted souls.

**Bank A/c for Inside India**
SBI Baradari Branch A/c No.10194046903,
IFS code:SBIN0003256,

SBI Gunfoundry Branch A/c No.62009998597,
Swift Code:SBIN 0020066

SAM # 7842125430

ABULWAFA AL-AFGHANI PRINTING PRESS JAMIA NIZAMIA Ph: 24416847, 24576772

Rs.25/- قیمت پچیس روپے

■ چاندکی تاریخ : تعطیلات جامعہ نظامیہ